فاذکرونی اذکرکم

تم مجھ کو یاد کرو میں تم کو یاد کروں گا

اردو زبان میں دعاؤں کا نادر انتخاب

گنجینۂ فردوس

مرتب
شاہ سید محمد عابد علی اشرفی الفردوسی

نشر و الاشاعت گلزار ابراہیم
محلہ بھینساسور، بہار شریف (نالندہ)

فاذکرونی اذکرکم

تم مجھکو یاد کرو میں تم کو یاد کرونگا

اردو زبان میں دعاؤں کا نادر انتخاب

گنجینۂ فردوس

سید شاہ محمد عابد علی شرفی الفردوسی

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

نام کتاب : .... گنجینۂ فردوس

مرتّب : .... سید شاہ محمد عابد علی شرفی الفردوسی

ناشر : .... شرف الاشاعت۔ گلزارِ ابراہیم، بھینسا سور، بہار شریف (نالندہ)

تعداد اشاعت : .... ایک ہزار

کتابت : .... ظفر صادق چکدیوی، قطب الدین لین، پٹنہ ۴

سن اشاعت : .... سنہ ۱۹۹۹ء مطابق رجب المرجب سنہ ۱۴۲۰ھ

مطبع : .... ایم ایس پرنٹرس 1853، لال دروازہ، ہمدرد مارگ، دہلی 6

قیمت : .... روپے

زیر اہتمام :- سید شاہ وسیم حسن

ملنے کے پتے

- شرف الاشاعت۔ گلزارِ ابراہیم، محلہ بھینسا سور، بہار شریف (نالندہ) ۸۰۳۱۰۱
- مکتبۂ شرف۔ بیت الشرف، خانقاہ معظم، بہار شریف (نالندہ)
- نعمت کریم اسٹور۔ جامع مسجد، بہار شریف (نالندہ)
- سید شاہ وسیم حسن۔ بی۔ ایم۔ داس روڈ، پٹنہ نمبر ۴۔
- خانقاہ منعمیہ قمریہ۔ میتن گھاٹ، پٹنہ سیٹی۔
- پرویز بک ہاؤس۔ سبزی باغ، پٹنہ ۴
- خانقاہ فردوسیہ۔ نمبر ۱۸، لینٹن اسٹریٹ، کلکتہ ۱۴۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتساب

بصد ادب و احترام

یہ خدمت

شیخِ وقت مرشدِ کامل سیدنا و مرشدنا وجدنا

حضرت مخدوم شاہ محمد ابراہیم حسین فردوسی قدس سرہٗ

اور

جمیع پیرانِ سلسلہ عالیہ فردوسیہ رحمہم اللہ علیہم اجمعین کی

نذر کرتا ہوں۔

جن کے وسیلہ سے اس عاصی کو امیدِ مغفرت ہے۔

محمد عابد علی عفی عنہٗ

فہرست مضامین

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۱	سورۂ فاتحہ	۱۹
۲	نعتِ پاک حضرت خیر الانام سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم	۲۰
۳	رُباعی۔ (الٰہی عاصی ام استغفر اللہ)	۲۱
۴	مناجات۔ (الٰہی تبتُ مِن کُلِّ المَعاصِی)	۲۲
۵	اے خالق ہر بلند و پستی	۲۳
۶	مناجات۔ (منکہ درماندہ و پریشانم)	۲۴
۷	التجاء بہ دربار حضرت مخدوم نجیب الدین فردوسی قدس سرہٗ (مہرولی شریف دہلی)	۲۵
۸	یا غفورُ غفّارِ من	۲۶
۹	مناجات حضرت امام زین العابدین رضؓ۔	۲۷
۱۰	مناجات حضرت امام باقر رضؓ۔	۲۸
۱۱	مناجات حضرت خواجہ سری سقطیؒ۔	۳۰
۱۲	مناجات حضرت مخدوم جہاں شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیریؒ	۳۱
۱۳	مناجات مشتمل بر آیاتِ قرآنی	۳۴
۱۴	حمد و ثنا باری تعالےٰ	۳۶
۱۵	گناہوں سے معافی کے لئے	۳۸
۱۶	توبہ کی توفیق کے لئے	۳۸
۱۷	کفر سے حفاظت کے لئے	۳۹
۱۸	ذکر کی توفیق کے لئے	۳۹
۱۹	ایمان میں زیادتی کے لئے	۴۰

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۲۰	نماز کی قبولیت کے لئے	۴۱
۲۱	حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کے لئے	۴۱
۲۲	قیامِ دین کی توفیق کے لئے	۴۲
۲۳	علم دین کے حصول کے لئے	۴۳
۲۴	حقوق کی ادائیگی کے لئے	۴۳
۲۵	محاسنِ اسلام کے لئے	۴۴
۲۶	مکارمِ اخلاق کے لئے	۴۴
۲۷	برائیوں سے حفاظت کے لئے	۴۵
۲۸	خطرات سے حفاظت کے لئے	۴۵
۲۹	وہ حسنات جو صالح ہیں اُن کے لئے	۴۶
۳۰	اجر و ثواب میں اضافہ کے لئے	۴۶
۳۱	اللہ کے دوستوں سے تعلق اور اُس کے غیروں سے حفاظت کے لئے	۴۷
۳۲	نزولِ رحمت کے لئے	۴۷
۳۳	حیاتِ طیبہ کے لئے	۴۸
۳۴	دینی ماحول قائم ہونے کے لئے	۴۹
۳۵	وقت کی قدر و قیمت کے لئے	۴۹
۳۶	اوقات کی درستگی کے لئے	۵۰
۳۷	محنت میں کامیابی کے لئے	۵۰
۳۸	حصولِ مقصد کے لئے	۵۱
۳۹	آفات و بلیات سے حفاظت کے لئے	۵۱
۴۰	رجوع الی اللہ کے لئے	۵۲
۴۱	کشایش رزق کے لئے	۵۳

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۴۲	اُدائیگی قرض کے لئے	۵۳
۴۳	تکمیلِ اخراجات کے لئے	۵۴
۴۴	روحانی وجسمانی امراض سے حفاظت کے لئے	۵۴
۴۵	خاتمہ بخیر اور عذابِ قبر سے حفاظت کے لئے	۵۵
۴۶	حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر نزول رحمت کے لئے	۵۷
۴۷	ساری دعاؤں کی اجابت کے لئے	۵۹
۴۸	قرآن وحدیث کی دُعائیں	۶۹
۴۹	درود شریف کی فضیلت	۱۱۱
۵۰	درود شریف نہ پڑھنے پر وعیدیں	۱۱۵
۵۱	چہل ۴۰ درود شریف	۱۱۶
۵۲	پیرانِ شجرہ اور حاجات میں اُن کو شفیع لانے کے لئے۔	۱۳۷
۵۳	شجرۂ عالیہ فردوسیہ منظوم	۱۳۸
۵۴	شجرۂ فردوسیہ شعیبیہ منظوم	۱۳۹
۵۵	شجرۂ قادریہ منعمیہ منظوم	۱۴۰
۵۶	شجرۂ نقشبندیہ ابوالعلائیہ منعمیہ منظوم	۱۴۱
۵۷	شجرۂ شطاریہ منظوم	۱۴۲
۵۸	شجرۂ چشتیہ منظوم	۱۴۳
۵۹	شجرۂ سہروردیہ چرم پوشیہ منعمیہ منظوم	۱۴۴
۶۰	ردِّ مصائب کیلئے ۳۳ آیتوں کا وظیفہ	۱۴۵
۶۱	آفات وبلیات سے حفاظت کے لئے سات آیتوں کا وظیفہ (ہفت آیات)	۱۵۳
۶۲	یا شاہ شرف یا پیر شرف (منقبت در شان مخدوم جہاںؒ)	۱۵۵
۶۳	منقبت (در شان حضرت شاہ نسیم الدین احمد شرفی البلخیؒ)	۱۵۶
۶۴	قطعۂ تاریخ طباعت	۱۵۷

دُعاءٗ

ساری تعریفیں اور سارے شکرانے ہر ایک چیز پر قدرت رکھنے والے رب تعالےٰ کے لئے زیبا ہیں جس نے اپنے بندوں کو دعاء کا شعور عنایت فرمایا اور مشکل و پریشانی میں دعا مانگنے کی اجازت عطا فرمائی اور ساتھ ہی قبولیت کی مہربانی کا وعدہ بھی فرمایا نیز بے شمار صلوٰۃ وسلام ربّانی ہو اس ذات گرامی پر کہ جن کا نام نامی احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہے جو بندے اور خدا کے درمیان دعا کی قبولیت کے لئے بہترین و آزمودہ وسیلہ ہے۔

لفظ "دعاء" کا اگر اردو میں آسان ترجمہ کیا جائے تو وہ ہوگا "پکار" چونکہ عام طور پر بندہ اپنے رب کو تبھی پکارتا ہے جب کہ اسے کچھ مانگنا ہوتا ہے اسی لئے اردو میں دعاء، مانگنا محاورتاً رائج ہوگیا ہے یعنی دعاء وہ عمل ہے جس میں اللہ رب العزت کو پکار کر مخاطب کر کے بندہ کچھ مانگتا ہے، طلب کرتا ہے، فریاد کرتا ہے، معافی چاہتا ہے حدیث پاک میں حضور سید کل رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ملتا ہے اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَۃ دعاء عبادت کا مغز ہے

یعنی اللہ تبارک وتعالےٰ کو پکارنا روحِ بندگی ہے۔ بندہ فقیر ومحتاج ہے اور مستغنی صرف ربِ تعالیٰ کی ذات ہے اس لیئے پکارنا، مانگنا، طلب کرنا بندگی کے ساتھ لازم وملزوم ہے۔ قرآن کریم میں دعأ مانگنے کا باضابطہ حکم موجود ہے ارشاد باری تعالےٰ ہوتا ہے:

اُدْعُوْا رَبَّکُمْ (الاعراف/۵۵) (اپنے رَب سے دعاء کرو)

اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ (مومن/۶۰) (مجھ سے دُعاء کرو میں قبول کروں گا)

قرآن کریم میں لفظ "دعاء" عبادت کے معنیٰ میں بھی استعمال ہوا ہے، ابوداؤد شریف کی ایک حدیث اَلدُّعَاءُ ھُوَ الْعِبَادَۃُ بھی دعاء کے عبادت ہونے کا ثبوت فراہم کرتی ہے۔ ان آیات کی روشنی میں بندے کے لیئے دُعاء مانگنا فرض ہوجاتا ہے۔ اللہ ربُّ العزت نے جو رحمٰن اور رحیم ہے نہ صرف دُعاء مانگنے کا حکم دے کر چھوڑ دیا ہے بلکہ غایت مہربانی فرماتے ہوئے آدابِ دُعاء بھی سکھائے ہیں فالحمدُ للہِ علیٰ ذٰلِک چنانچہ ارشاد ہوتا ہے:

اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَۃً (الاعراف-۵۵)

(اپنے رَب سے دعاء کرو گڑگڑاتے اور آہستہ)

اُدْعُوا اللہَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی (الاسراء-۱۱۰)

(اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر، جو کہہ کر پکارو سب اسی کے اچھے نام ہیں)

اللہ ربُّ العزت نے نہ صرف مختلف مقامات پر قرآن کریم میں آدابِ دُعاء کے سلسلے میں رہنمائی فرمادی ہے بلکہ ایک نہایت ہی جامع دُعاء سورۃ الفاتحہ کی شکل میں عطا فرمادی ہے اسی لئے اس سورہ کو سورۃ الدعا اور سورۃ المناجات

بھی کہتے ہیں۔

قرآن کریم کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اللہ پاک کو نہ صرف بندے کا دُعا مانگنا پسند ہے بلکہ اگر وہ اخلاص و عاجزی کے ساتھ مانگی جاتی ہے اور مرتبہ قبولیت پا جاتی ہے تو اس دُعا کے الفاظ و عبارت کو بھی دوام حاصل ہو جاتا ہے بلکہ اسے یہ رتبہ حاصل ہو جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے اپنے کلام میں شامل فرما لیتا ہے۔ انبیائے کرام کی دعائیں جنہیں قرآن کریم میں اللہ ربّ العزت نے نقل فرمایا ہے اس کی بہترین مثالیں ہیں۔ یہ دُعائیں اس طرح قبول ہو چکی ہیں کہ جو آج بھی انہیں الفاظ و عبارت کے ذریعہ وہی چیز طلب کرے تو آج بھی قبولیت کی اُمید واثق ہے۔

بعض بزرگوں نے جذبۂ تسلیم و رضا سے مغلوب ہو کر دعاء کے بجائے خاموشی اور اللہ تعالیٰ کی مرضی کے آگے صبر و شکر اختیار کرنے کو افضل قرار دیا ہے لیکن جو چیز عبادت بنائی گئی ہے اسے ترک کرنے سے کہیں بہتر ہے کہ اس پر عمل کیا جائے۔ اگر دُعاء قبول نہ ہو اور حاجت پوری نہ ہو تب بھی کم از کم اتنا تو ہو گا کہ ایک عبادت کا ثواب حاصل ہو جائے گا۔

درخواست، التجاء اور التماس میں گزارش جس سے کی جاتی ہے اس کی زبان و تفہیم کا خیال رکھا جاتا ہے ورنہ قبولیت و عطا سے محرومی ہی ہاتھ لگتی ہے لیکن جب معاملہ بارگاہ خداوندی میں دعاء، پکار اور ندا کا ہو تب زبان و تفہیم کا معاملہ فضول ہے۔ اس ذات کو زبان و تفہیم کے محدود دائرے میں قید کرنے کی کوشش مردود ہے جس کی صفت قرآن کریم میں یہ بیان کی گئی کہ وہ اَعْلَمُ بِمَا فِي صُدُوْرِ الْعَالَمِيْنَ (جہان بھر کے دلوں کے راز کے بارے میں خوب جاننے والا)

ہے اسی لئے قرآن کریم میں دُعا کیلئے عاجزی، انکساری، اخلاص، خشوع، خضوع، تضرع، گریہ، سرگوشی، اور چُپکے چُپکے کرنے پر تو زور ملتا ہے لیکن زبان کی شرط یا قید نہیں لگائی جاتی ہے۔ دراصل دُعا اُسی زبان میں بہتر ہے جس میں مانگنے والا، کیا مانگ رہا ہے، کیا طلب کر رہا ہے اسے اچھی طرح سمجھ بھی رہا ہو تبھی ممکن ہے کہ وہ زبانی دعا اس کے دل کی پکار بن سکے اور معیار قبولیت پر پوری اُتر سکے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ دنیا کی تمام زبانوں پر عربی کو مختلف وجوہ کی بنا پر فوقیت و افضلیت ہے کیوں کہ عربی محبوب رحمانی حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پاکیزہ زبان ہے۔ اگر اس زبان پر قدرت حاصل کیا جائے تو یہ سب سے بہتر ہے۔ عربی میں دُعاؤں کو سمجھ کر مانگا جائے تو یہ بلاشبہ سب سے افضل ہے لیکن اگر کسی وجہ سے اس میں کوئی دشواری ہو تو اللہ ربّ العزت کے حضور میں اپنی زبان میں رو رو کر اپنا مدعا بیان کرنا کسی غیر زبان میں بغیر سمجھے بوجھے دعا مانگنے سے کہیں بہتر ہے۔ ہمارے ہندوستان و پاکستان میں عربی سے دوری اور ناواقفیت ہماری بدقسمتی سے بہت تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اردو میں اسلامیات کا ترجمہ و تشریح ناگزیر ہو گیا ہے اور اس سمت میں نہایت کار آمد اور مفید علمی کاوشیں منظر عام پر آئی ہیں لیکن دعا جو اسلامی شب و روز کی سب سے اہم پہچان اور ضرورت ہے اس کیلئے اُردو زبان میں کوئی اچھی معیاری کتاب مشکل ہی سے ملے گی اللہ بھلا کرے برادرم سید شاہ محمد عابد علی فردوسی صاحب کا جنہوں نے بڑی محنت لگن اور سچے جذبے کے ساتھ اس ضرورت کو پورا کرنے کی کوشش کی ہے۔ "گنجینۂ فردوس" نہ صرف قرآن وحدیث کی مشہور دعاؤں کا احاطہ کرتی ہے بلکہ بعض اکابر بزرگوں کی دُعائیں بھی اردو زبان کے جامے میں اس میں پیش کر دی گئی ہیں جو ایک

گرانقدر اضافہ ہے۔ اس مجموعے میں منظوم دعائیں اور مناجات بھی شامل کی گئی ہیں جو پریشان دلوں کے لئے بلاشبہ راحت و سکون کا سامان بنیں گی انشاء اللہ المولیٰ تعالیٰ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور اپنے اولیائے کرام کے صدقے اور طفیل میں اس کے مرتب کو بہترین اجر عطا فرمائے، اس مجموعے کو قبولیت کا شرف بخشے، عوام کے لئے اسے مفید و کارآمد بنائے اور اس مجموعے کے حرف حرف کے لکھنے اور پڑھنے والے کو بہ نگاہ قبول دیکھے۔ آمین یارب العالمین آمین۔

سید شاہ شمیم الدین احمد منعمی
سجادہ نشین، خانقاہ منعمیہ قمریہ، میتن گھاٹ پٹنہ (بہار)
استاذ شعبۂ عربی، اورینٹل کالج پٹنہ

عرضِ مرتب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِکَ وَرِضَا نَفْسِکَ وَزِنَۃَ عَرْشِکَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِکَ

اللہ تعالیٰ کے احسان اور کرم پر قربان ہو جائیں کہ وہ اپنے بندوں کو دعا کی ہدایت فرماتے ہیں اور قبولیت کا وعدہ بھی فرماتے ہیں۔ اللہ ربُّ العزت فرماتے ہیں کہ مجھ سے دعا کرتے رہو میں تمہاری دعاؤں کو قبول کرتا رہوں گا۔

حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا: **اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَۃِ**۔ (دعا عبادت کا مغز ہے)۔ دوسری جگہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: **اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ** (دعا مومن کا اسلحہ ہے)۔

مومن کا ہتھیار دُعا ہے جس سے تمام بلیّات و آفات، مصائب اور دشمنانِ خدا کا مقابلہ کرتا ہے۔ اسی ہتھیار کو حضرت نوح علیہ السلام نے استعمال کیا۔ نوح علیہ السلام نے کہا اے میرے پروردگار تو روئے زمین پر کسی کافر کو رہنے والا نہ چھوڑ۔ نوح علیہ السلام نے اسی ہتھار سے سارے کافروں کا مقابلہ کیا اور سب کے سب ہلاک ہوئے اسی طرح حضرت موسٰی علیہ السلام نے فرعون اور اس کے لشکر کے لئے بھی یہی ہتھیار استعمال فرمایا۔ جس سے سب کے سب دریائے نیل میں غرق کر دیئے گئے۔ الغرض تمام پیغمبروں اور ان کے ماننے والوں کے پاس دنیاوی ساز و سامان کے بجائے واحد یہی دعاء کا ہتھیار تھا جس سے وہ کامیاب ہوئے ہیں۔

"گنجینۂ فردوس" دُعاؤں کا یہ مجموعہ خصوصاً ایسے لوگوں کے لئے مرتب کیا گیا ہے جو عربی زبان سے ناآشنا ہونے کی وجہ سے دُعا جیسی نعمتِ عظمٰی سے محروم ہیں۔ خدا سے دُعا ہے کہ وہ اس کو قبول فرمائے اور تمام اُمّتِ مسلمہ کے لئے ان دُعاؤں کے پڑھنے اور ان پر یقین رکھنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔ ان دعاؤں کی ترکیب و تشکیل میں مکتوبات صدی، مکتوبات دو صدی، معدن المعانی، مناقب الاصفیا، اوراد دہ فضلی، مولود شہیدی و قیمتی مجموعہ سے استفادہ کیا گیا ہے۔

آدابِ دُعا

دعاء حزن و ملال، خشوع و خضوع، عاجزی و انکساری اور خاکساری کے ساتھ مانگی جائے۔

اللہ رب العزت فرماتے ہیں کہ " اپنے رب کو گڑگڑا کر یاد کرو" اور تصوّر کرو کہ میرا رب میری فریاد کو سُن رہا ہے اور میرے تمام افعال و اعمال اور حرکات و سکنات کو دیکھ رہا ہے وہ میرے سامنے موجود ہے وہ اپنے سائل کو کبھی مایوس

نہیں کرتا۔ وہ بہت ہی سخی ہے وہ کبھی بھی کسی کو محروم نہیں کرتا۔

دُعا سے قبل اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کریں اس کے بعد حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ پر درود شریف پڑھیں۔ پھر اپنے گناہوں کو یاد کر کے اس پر نادم ہوں اور آئندہ اس سے باز رہنے کا قصد کریں پھر حضوری قلب کے ساتھ دُعا کریں اور آخر میں دوبارہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ الرحمٰن اس طرح دُعا کرنے والے کی دُعا ضرور قبول ہوگی۔ کیوں کہ اصل عبادت دُعا ہی ہے اور اس میں مومن کی فلاح و بہبودی ہے، دونوں جہان میں فائدہ ہی فائدہ ہے۔ اگر ہم صدقِ دل اور خلوصِ دِل سے دُعا مانگیں گے تو یقیناً ہماری دُعا قبول ہوگی۔

اس کام سے میری غرض تصنیف و تالیف بالکل نہیں۔ حضرت مخدوم جہاں شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیری قدس سرہٗ العزیز مکتوبات دوصدی کے مکتوب نمبر ۱۴۱ میں تحریر فرماتے ہیں:

"اے بھائی! اسی طرح اپنا حال برابر لکھا کرو۔ انشاء اللہ یہی لکھنا ممکن ہے حیلہ و بہانہ بن جائے۔ میرے اور تمہارے نصیب میں لکھنے اور پڑھنے کے سوا اور کیا ہے شاید یہ لکھا ہوا کسی کے کام آجائے' اور وہ ایسا شخص ہو جس کی وجہ سے مجھ کو اور تم کو حق سُبحانہٗ تعالےٰ قبول کرلیں۔ اس کو بھی تھوڑا نہ سمجھو ڈوبنے والوں کو تنکے کا سہارا ہوتا ہے۔"

بس اِسی اُمید اور غرض سے اس خدمت کو انجام دیا ہے لیکن اس کتاب کو لکھنے کے وقت جب اپنے احوال پر نگاہ جاتی ہے تو ایسا خیال ہوتا ہے کہ کوئی کہہ رہا ہے کہ "کہاں تم اور کہاں یہ کتابیں دعائیں، اس کی روشنی میں اپنے

احوال کا جائزہ لو اور دیکھو کہ واقعی تم اس کے اہل ہو یا نہیں۔" حقیقت بھی یہی ہے کہ مجھ جیسے ہیچ اور بے بضاعت کا کچھ لکھنا گویا چھوٹا منھ بڑی بات ہے۔ لیکن میں اپنی خوش بختی اور حق سبحانہٗ تعالےٰ کی نظر عنایت پر جتنا بھی ناز کروں وہ کم ہے کہ اسی بہانے بارگاہِ الٰہی میں اپنی فریاد ومناجات اور حمد وثنا پیش کرنے کا شرف تو حاصل ہوا۔ اللہ رب العزت سے ایک بار پھر اخلاص کے ساتھ دُعاء کرتا ہوں کہ اس ناچیز اور بندۂ عاجز کی اس کاوش کو اپنے حبیب پاک ﷺ کے وسیلے اور طفیل میں قبول فرمالے۔ آمین!

اس کتاب کی طباعت واشاعت میں جن حضرات نے دامے درمے حصہ لیا اور قدم قدم پر ہماری رہنمائی کی اور اپنا قیمتی تعاون پیش کیا اللہ رب العزت ان سبھوں کی خدمات کو قبول فرمائے اور اپنے خزانۂ رحمت سے ہم سبھوں پر اپنی رحمتِ کاملہ نازل فرمائے۔

خدائے بزرگ و برتر کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اِس ہوش رُبا گرانی میں اس گنج گراں مایہ کی طباعت کا انتظام ہو گیا اور اعزا، اقربا، متوسلین اور معتقدین کی دلی تمنا بر آئی دعاء ہے کہ اللہ تعالےٰ ہماری اس کاوِش کو اپنے فضل سے قبول فرمائے اور عمل کی توفیق عطا کرے آمین اور اس کتاب کو ہماری نجات کا سبب بنادے۔ ثم آمین۔

مطالعہ کے وقت اگر کسی کا دل خوش ہو جائے تو وہ اس حقیر فقیر کے حق میں عاقبت وخاتمت بخیر ہونے کی دُعاء ضرور کریں گے۔

آخر میں مَیں اپنی بات کو اپنے آقا و مولا شیخ الاسلام والمسلمین حضرت مخدومنا مولانا حسین نوشہ توحید بلخی فردوسی قدس اللہ سرہٗ کے اس شعر پر ختم کرتا ہوں ؎

بعم اللہ بطفیل شرف الحق و دین
خیمہ بر طارم گردون معلیٰ زدہ ام

ذرہ خاکپائے سگانِ شرفؒ
شاہ سید محمد عابد علی شرفی الفردوسی
گلزارِ ابراہیم، محلہ بھینساسور، بہارشریف (نالندہ)

"آدابِ دُعاء"

ہمارے آقا و مولا حضرت مولانا مخدومنا شیخ الاسلام والمسلمین حسین نوشۂ توحید بن معز بلخی قدس سرہ جن کے آستانہ کی جاروب کشی اور جن کی بارگاہ کی غلامی پر فخر و ناز ہے اور میرے لئے وجہ نجات ہے" اوراد دہ فصلی" میں تحریر فرماتے ہیں کہ :

دُعاء کرتے وقت کا ادب یہ ہے کہ دونوں ہاتھ اُٹھائے جائیں، نظریں ہاتھوں پر جمی ہوں۔ ابتداء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے کی جائے پھر الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ علیٰ رسولہ محمد وآلہ اجمعین پھر یا ارحم الراحمین یا ارحم الراحمین یا ارحم الراحمین کہا جائے۔ اب دُعاء کی جائے۔

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کہ تین بار یا ارحم الراحمین کہہ کر دُعاء کرنے سے فرشتہ کہتا ہے ارحم الراحمین نے تمہاری طرف توجہ کردی اب مانگو جو مانگنا چاہتے ہو۔

لہٰذا جو دعاء بھی کی جائے اس آدابِ دعاء کے ساتھ کی جائے۔ انشاء اللہ الرحمٰن دعاء کو قبولیت کا شرف حاصل ہوگا۔

فقیر **محمد علی ارشد** شرفی البلخی غفرلہٗ

(جاروب کش آستانۂ مخدوم حسین نوشۂ توحید بلخی)

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سَبْعُ اٰيٰتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١

سب خوبیاں اللہ کو جو مالک ہے سارے جہان والوں کا۔

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢

بہت مہربان رحمت والا

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣

روز جزا کا مالک

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤

ہم تجھی کو پوجیں اور تجھی سے مدد چاہیں

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥

ہم کو سیدھا راستہ چلا

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝٦

راستہ ان کا جن پر تو نے احسان کیا

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٧ (آمین)

نہ ان کا جن پر غضب ہوا اور نہ بہکے ہوؤں کا۔

نعتِ پاک حضور خیر الانام سرکارِ دو عالم ﷺ

از ۔ ڈاکٹر سید شاہ محمد منعیم ندوی فردوسی القادری

صلِ علیٰ نبینا صلِ علیٰ محمد
صلِ علیٰ رسولنا صلِ علیٰ محمد

صلِ علیٰ حبیبنا صلِ علیٰ محمد
صلِ علیٰ شفیعنا صلِ علیٰ محمد

شانِ کمال مجتبیٰ وصف جمال مصطفےٰ
لکھا قلم نے مرحبا صلِ علیٰ محمد

باعثِ خلقِ دو جہاں، وجہ کمال انس و جاں
صدر و امامِ انبیا صلِ علیٰ محمد

صادق ہیں اور امین ہیں خاتم مرسلین ہیں
ہیں وہ حبیبِ کبریا صلِ علیٰ محمد

چارۂ دردِ بے کساں، راحتِ قلبِ ناتواں
دکھیا دلوں کی ہیں دوا صلِ علیٰ محمد

اُن کے طفیل بخششیں، اُن کے طفیل رحمتیں
قاسم مخزنِ عطا صلِ علیٰ محمد

آپ رؤف اور رحیم خلق میں مرتبہ عظیم
شانِ جمال والضحےٰ، صلِ علیٰ محمد

آپ کے در پہ آئے نبی آیا نعیمِ بینوا
آپ ہیں درد آشنا صلِ علیٰ محمد

رباعی

حضرت مخدوم جہاں شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیری قدس سرہ العزیز المتوفی ۷۸۲ھ

الٰہی عاصی ام استغفر اللہ
تو ای فریاد رس الحمد للہ
ندارم ہیچ چیزے توشۂ راہ
بجز لاتقنطوا من رحمۃ اللہ

یاالٰہی میں گنہ گار ہوں میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں یا اللہ
تو ہی فریاد سننے والے اللہ، ساری خوبیاں تیری ہی ہیں یا اللہ
راہِ آخرت کے سفر کے لئے میں کوئی توشہ یا سامان نہیں رکھتا ہوں
سوائے (تیرے اس فرمان کے کہ) اللہ کی رحمت سے مایوس مت ہو۔

مناجات

اِلٰہی تُبْتُ مِنْ کُلِّ الْمَعَاصِیْ
بِاِخْلَاصٍ رَجَآءً لِّلْخَلَاصِیْ
اَغِثْنِیْ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْن
بِفَضْلِکَ یَوْمَ یُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ

اے میرے رب میں نے اپنے تمام گناہوں سے توبہ کیا
اخلاص کے ساتھ اپنی نجات کا امیدوار ہوں
میری فریاد سن لے، اے سب فریادیوں کی فریاد سننے والے
اپنے فضل سے جس دن گنہگار چوٹیوں سے پکڑے جائینگے

اے خالق ہر بلند و پستی
سر رشتۂ پیچ عطا بکن ز ہستی
ایمان و امان و تندرستی
علم و عمل و فراخ دستی

مناجات

حضرت سیّد شاہ قسیم الدّین احمد شرفی الفردوسی قدس سرہٗ

منکہ درماندہ و پریشانم
وز گناہ فزون حیرانم

گنہم گرچہ ہست بیش از بیش
رحمتت بیشتر ز عصیانم

یاالٰہی زآب رحمت خویش
پاک گرداں سیاہ دیوانم

بر قسیم حزیں کرم فرما
اے رحیم و کریم و رحمانم

میں عاجز و پریشان ہوں اور اپنے گناہِ کثیر سے حیران ہوں۔
اگرچہ میرا گناہ بہت زیادہ ہے لیکن تیری رحمت میرے گناہ سو بھی کہیں زیادہ ہے۔
اے میرے خدا! اپنی رحمت کے پانی سے میرے گناہوں کے سیاہ دیوان کو پاک کردے۔
اے مہربانی فرمانے والے، نہایت رحم کرنے والے اور کرم فرمانے والے آقا قسیم خستہ پر بھی نگاہِ کرم ڈال دے۔

التجا بہ دربارِ حضرت مخدوم نجیب الدّین فردوسیؒ (مہرولی شریف دہلی)

پیشکش: حضرت سید شاہ قسیم الدّین احمد بلخی الفردوسیؒ

خود کرم کر دیجیے اور اُن سے فریاد کیجیے
یہ حجاباتِ دو عالم آپ اُٹھوا دیجیے

ہم کہاں جائیں یہاں سے اُٹھ کے آخر اے حضور
کون پوچھے گا ہمیں سرکار فرما دیجیے

انتَ ہادی انتَ مولیٰ انتَ مُرشِد انتَ حق
لَیسَ ہادی کیا ہے اے سرکار بتلا دیجیے

عمر اب آئی ہے آقا اپنی ہونے کو تمام
اب کرم کر دیجیے تکمیل فرما دیجیے

میری نااہلی سے میرے کام ہیں بے انتظام
اپنی شفقت سے اِسے انجام فرما دیجیے

یہ قسیمِ خستہ دِل ہے آپ کا پیرانِ پیر
اس درِ اقدس سے یوں اِس کو نہ لوٹا دیجیے

یا غفورُ غفارِ من یا بزرگ جبارِ من توئی دانی

احوالِ من تو قادری یا اللہ من عاجزم یا اللہ عظیم

ارذلِ من مردار بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

مناجات حضرت امام زین العابدینؓ

حضرت امام زین العابدینؓ کی خانۂ کعبہ کے سامنے درد بھری التجاء

اے میرے آقا! اے میرے مولا!

ساری آنکھیں سو چکی ہیں۔ ستارے بھی ڈوبنے کے قریب ہیں لیکن تو زندہ و پائندہ ہے۔ اے بار الٰہ! تیرا در سائلوں کے لئے کھلا ہوا ہے۔ ایک محتاج، گنہگار اور سائل تباہ کار تیرے در پر حاضر ہے، تو مجبوروں اور بیکسوں کو سننے والا ہے۔ اے رحیم و کریم آقا! میں تیری رحمت کا اُمیدوار ہوں۔ اے میرے آقا و مولا! اگر میں تیرا مطیع و فرماں بردار ہوں تو یہ محض تیری توفیق سے ہے اور یہ تیرا احسان و کرم ہے اور اگر میں اپنی جہالت کی وجہ سے عاصی و گنہگار ہوں تو تیرے احسان و کرم کے اظہار کی دلیل یہ ہے کہ تو مجھ پر اپنی اس دلیل کو ثابت کردے مجھ پر اپنی رحمت بھری نظر ڈالدے۔ مجھے بخش دے۔ میری آنکھوں کو روشنی عطا فرما اور اپنے اس معظم و مکرم گھر میں مجھے میرے جدِ بزرگوار جو تیرے حبیب بھی ہیں، تیرے صفی بھی ہیں اور نبی بھی ہیں۔ یعنی حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی زیارت سے محروم نہ رکھ۔

اے میرے آقا و مولا! بندوں کی نیکی اور اُن کی بُرائی تجھے کچھ فائدہ و نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ اے کرم فرمانے والے آقا مجھ پر کرم کیجئے۔

✻

مناجات حضرت امام باقرؓ

اے میرے اللہ! اے میرے آقا! اے میرے مولیٰ!

رات ہوچکی ہے۔ اس وقت بادشاہوں کی عمل داری رُکی ہوئی ہے۔ آسمان پر ستارے نکل چکے ہیں۔ ساری مخلوق کو نیند آگئی ہے۔ وہ بھی انسانوں کی طرح اپنے خلوت کدوں میں آرام کر رہے ہیں۔ نیند سے ان کی آنکھیں بند ہوچکی ہیں۔

اے میرے اللہ تو ہی زندہ و پایندہ ہے۔ علیم و دانائے حال ہے نہ تجھے نیند آتی ہے اور نہ اُونگھ۔ جو تجھے ان صفتوں سے نہیں جانتا اور نہیں پہچانتا ہے وہ تیری نعمتوں کا مستحق نہیں ہے کوئی چیز تجھے کسی چیز سے روک نہیں سکتی اور تیری بقا میں نہ کوئی دن خلل انداز ہو سکتا ہے اور نہ کوئی رات۔ تیری رحمت کے دروازے ان مومنوں کے لئے کھلے ہوئے ہیں۔ جو تجھے پکارتے ہیں اور جو تجھ سے مانگتے ہیں ساری دعوتیں ان پر نچھاور ہوتی ہیں تیری رحمت کے دروازے ان مومنوں کے لئے کھلے ہوئے ہیں۔ جو تجھے پکارتے ہیں اور جو تجھ سے مانگتے ہیں۔ ساری دعوتیں ان لوگوں پر نچھاور ہوتی ہیں۔ ہم تیری حمد و ثنا، کرتے ہیں۔ تو ایسا مالک ہے جو سائلوں کو رد نہیں کرتا۔ جو مومنوں کی دعاؤں کو بے اثر نہیں بناتا اور زمین و آسمان میں ایک شخص بھی ایسا نہیں ہے جو تیری بارگاہ میں سائلوں کو پہنچنے سے روک دے۔

اے میرے مولا! جب موت اور حسابِ قبر کو یاد کرتا ہوں تو اس وقت دنیا کی کوئی خوشی مجھے شاد کام نہیں کرتی۔ جب اپنے نامۂ اعمال کو یاد کرتا ہوں تو اس وقت دنیا کی کوئی چیز میرے دل کو مطمئن نہیں کرتی اور جب ملک الموت کو یاد کرتا ہوں تو اس وقت دنیا کی کوئی چیز مجھے اپنی طرف مائل نہیں کرتی۔ لہٰذا میں تجھ سے وہی عرفان چاہتا ہوں جس سے تیری معرفت حاصل کرسکوں اور تجھ سے وہی اسلوب مانگتا ہوں جس سے تجھے پکار سکوں اور اس عیش کی طلب کرتا ہوں جس کے حساب دینے میں گرفت نہ ہو۔

مناجات حضرت خواجہ سرّی سقطیؒ

الٰہی تیری بڑائی اور معرفت نے مجھ کو تجھ سے مانوس کر دیا ہے۔ ورنہ یہ اُنس پیدا نہ ہوتا۔ تو نے مجھے یاد کرنے کا حکم دیا۔ اس لئے تیرا نام میری زُبان پر آیا۔ ورنہ تیرا مقدس نام اس نجس اور لہو ولعب سے آلودہ زبان پر کیسے آتا۔

اے خدا! تو مجھے جس طرح کا عذاب دینا چاہتا ہے دے لیکن حجابات کی ذلت وخواری کے عذاب میں مبتلا نہ کر۔ اگر میں حجاب سے محفوظ رہا تو تیرے ذکر اور مشاہدہ کے وقت جو بلا بھی نازل ہو گی وہ میرے لئے آسان ہو جائے گی اور اگر حجاب سے محفوظ نہ رہ سکا تو ساری نعمتوں کے رہنے کے باوجود میں ہلاکت کے گڑھے میں ڈال دیا جاؤں گا۔ اگر بندہ بلاؤں کے نازل کرنے والے کے مشاہدہ میں گم ہے تو اس وقت کوئی بَلا بَلا نہیں۔ ہاں! وہ نعمتیں بلا ہیں جو بندہ کو مشاہدۂ حق سے حجاب مں ڈال دیتی ہیں۔ دوزخ میں حجاب سے بڑھ کر کوئی سزا نہیں اگر دوزخ میں دوزخیوں کو اللہ تعالےٰ کا دیدار نصیب ہو جائے تو گنہگار مومنوں کو ہرگز ہرگز جنت کی یاد نہ آئے۔ اس لئے کہ دیدارِ حق کی لذّت رُوح کو ایسی مسرت بخشتی ہے کہ جسم پر عذاب کی تکلیف کا احساس ہی نہیں ہوتا۔

❋

مناجات مخدوم جہاںؒ

اے میرے آقا! اے میرے اللہ! اے میرے مولا!

تو ہی میرا رب ہے۔ تو قوی ہے اور میں عاجز ہوں۔ اے اللہ تو ہی میرا مالک ہے اور میں تیرا مملوک ہوں۔ اے اللہ میں عاجزوں میں سب سے زیادہ عاجز ہوں۔ اے اللہ میں جاہلوں میں سب سے زیادہ جاہل ہوں۔ اے اللہ میں نہیں جانتا کہ کس طرح تیری رضا حاصل کروں۔ اے اللہ میں نہیں جانتا کہ کیا عرض کروں۔ الٰہی میرے عجز و بے چارگی کو تو دیکھتا ہے۔ الٰہی میری حاجتوں سے تو واقف ہے۔ اے اللہ میں بے چارہ و عاجز ہوں اور کوئی حیلہ قوت اور وسیلہ نہیں رکھتا ہوں تیرے سوا جو کچھ بھی ہے اس سے میں بیزار ہوں۔ الٰہی مجھ ضعیف و درماندہ کو، مجھ کمزور در در بدر ٹھکرائے ہوئے کو، مجھ سیہ کار گنہگار کو اور مجھ مدہوش کو، مجھ بدکردار کو، مجھ کو جو شیطان کا مطیع و فرمانبردار ہے۔ مجھ کو جو گنہگاروں کے مکتب کا استاد ہے، مجھ کو جو مدہوش و سرگشتہ ہے، مجھ عاجز کو جو در در کا ٹھکرایا ہوا ہے، مجھ گنہگار بدافعال کو، مجھ خاکسار بداعمال کو مجھ ثابت ناتمام کو، مجھ عہد شکن مطلب پرست کو، مجھ گندم نما جو فروش کو، مجھ زنار دار خرقہ پوش کو، مجھ سیاہ رو سیاہ کار کو، مجھ منافق تباہ کار کو اپنے فضلِ عمیم اور لطفِ قدیم سے نفس امارہ کی قید سے نجات دے اور توبۃ نصوحا عطا کر اس لئے کہ میں تیرے دربارِ عدل کی قوت نہیں رکھتا۔ اے اللہ مجھے توفیق عطا فرما کہ میں تیری بخشش

کروں اس لیے کہ تیری توفیق کے بغیر تیری پرستش ممکن نہیں۔

اے اللہ! مجھے معرفت عطا فرما تاکہ تجھے پہچانوں اس لیے کہ معرفت حاصل کیے بغیر تجھے نہیں پہچانا جا سکتا۔ اے اللہ میں نے اپنی تمام عمر اس چیز کے حصول میں ضائع کر دی جس میں تیری رضا نہ تھی اور اُسے میں نہیں جانتا تھا میں نے اس سے توبہ کی اور بیزار ہوا۔

اے دستگیر ہر شکستہ، اے دلیل ہر درماندہ اے مشکلات میں فریاد سننے والے، اے بے چاروں کے چارہ ساز، اے گنہگاروں کی توبہ قبول کرنے والے، اے حلیم کہ تیرے حلم نے مجھے گستاخ بنا دیا، اے رحیم کہ تیرے رحم نے مجھے بے باک کر دیا ہماری اس گستاخی اور بے باکی کو معاف کر دے اور معرفت کی خلعت ہمارے تمام اعضاء کو پہنا دے۔

اے اللہ! تمام روحانیوں اور فرشتوں کی تحمید و تمجید اور تسبیح و تہلیل کے صدقے میں، اے اللہ تمام عابدوں و زاہدوں کی حرمت کے صدقے میں، اے اللہ اپنی درگاہ کے خواص کے طفیل میں۔ الٰہی اپنے لواحقین دربار کے واسطے سے، اے اللہ جوان شہیدوں کے واسطے سے، اے اللہ گنہگار بندوں کے آنسوؤں کی حرمت کے طفیل۔ اے اللہ ان گنہگاروں کے طفیل جنہوں نے تیری بارگاہ میں توبہ کی۔ اے اللہ اپنی عزت و جلال کی حرمت کے واسطے سے، اے اللہ اپنی عظمت و کمال کے صدقے میں میری اور تمام مسلمانوں کی حاجتوں کو پورا کر۔ ہمارے ایمان کو دنیا اور آخرت میں ہم پر زیادہ کر دے۔

اے اللہ! جب تو اس حجرۂ تنگ و تاریک میں بے شمع ہمیں مبتلا کرے تو اس وقت ہمارے ایمان کو چراغِ لحد بنا دے۔

نہیں ہے کوئی الٰہ مگر اللہ، نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ، نہیں ہے کوئی محبوب مگر اللہ، نہیں ہے کوئی مطلوب مگر اللہ، نہیں ہے کوئی مقصود مگر اللہ، نہیں ہے کوئی موجود مگر اللہ، اللہ کے سِوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اس کے بندے و رسول ہیں۔

مناجات

مشتمل بر آیات قرآنی

از حضرت سید شاہ نعیم الدین احمد ربانی الفردوسی قدس سرہٗ

لا الٰہ الا انت، ربنا — ہم سبحانک وصف تو فاغفر لنا

منکہ انی کنت من الظالمین — رحم فرما یا الٰہ العالمین

فستجبنا لہ ونجیناہ ہم — کردہ ای تو در کتاب خود رقم

زیں بشارتہا دل ما را شگفت — عفو فرما ہم عیوبم را نہفت

از طفیل ایں دعائے یونسؑ — نجنی ربی من الغم نجنی

زندہ ام من بر امید لطف تو — زانکہ خود فرمودہ ای لاتقنطوا

افوض امری الی اللہ بر تو باد
بشکلی تو ای بصیر بالعباد

حسبنا اللہ ہم توی نعم الوکیل
اللّٰہم اکفنی انت الکفیل

نعم المولیٰ تو ای نعم النصیر
تو علیٰ کلّ شیٔ ہستی قدیر

ربّ انی مسّنی الضرّ ھم
زخم دل را این دعا پنبہ نہم

ربّ انی مغلوبٌ ہاں فانتصر
استجب ربی دعا ام منتظر

آں حسینؑ و ایں حسینؑ ابن معزّ
ہر دو محبوب نبیؐ ہر دو اعز

ہر دو را آرد شفیع ایں عبدک
شفّعہٗ فینا بجاہٖ عندک

یا الٰہی کن مناجاتم قبول
از طفیل آل و اصحاب رسول

بہر آں ہر دو بزرگان عظیم
رحم فرما بر من مسکین قسیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد و ثنا باری تعالیٰ جل جلالہ

اے میرے آقا و مولا! تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تیری ذات پاک ہے، تیرے ہی لئے حمد و ثنا ہے اور تو ہی ہر چیز پر قادر ہے۔ تو بڑا مہربان اور رحیم ہے، تو بادشاہ ہے تو پاک ہے، تو سلامتی والا ہے، تو امن والا ہے، تو نگہبان ہے، تو ہی غالب ہے تو نقصان پورا کرنے والا ہے، تو بڑائی والا ہے، تو پیدا کرنے والا ہے، تو دونوں عالم کا بنانے والا ہے، تو صورت بنانے والا ہے، تو بخشنے والا ہے، تو زبردست ہے، تو دینے والا ہے، تو رزق دینے والا ہے، تو کھولنے والا ہے، تو جاننے والا ہے، تو عزت دینے والا ہے، تو بند کرنے والا ہے، تو پست کرنے والا ہے، تو بلند کرنے والا ہے، تو عزت دینے والا ہے، تو ذلت دینے والا ہے، تو سننے والا ہے، تو دیکھنے والا ہے، تو حاکم ہے، تو عدل کرنے والا ہے، تو لطیف و باریک ہے، تو خبر رکھنے والا ہے، تو بردبار ہے، تو بزرگ و بڑا ہے، تو بخشنے والا ہے،

تو شکر پسند ہے، تو بلند و بالا ہے، تو حفاظت فرمانے والا ہے، تو قوت دینے والا ہے، تو کافی ہے، تو بزرگ ہے، تو سخی ہے، تو کرم کرنے والا ہے، تو حکمت والا ہے، تو ودود ہے، تو مجید ہے، تو اٹھانے والا ہے، تو گواہ ہے، تو سچا ہے، تو کارساز ہے، تو قوت والا ہے، تو مضبوط ہے، تو دوست ہے تو قابلِ تعریف ہے، تو گھیرنے والا ہے، تو پہلے پیدا کرنے والا ہے، تو دوبارہ پیدا کرنے والا ہے، تو زندہ کرنے والا ہے، تو مارنے والا ہے، تو پائندہ ہے، تو خود بخود قائم ہونے والا ہے، تو پالنے والا ہے، تو ایک ہے، تو یکتا ہے، تو اکیلا ہے، تو بے نیاز ہے، تو قدرت والا ہے، تو پہلا ہے، تو پچھلا ہے، تو اول ہے، تو آخر ہے، تو ظاہر ہے، تو باطن ہے، تو کارساز ہے، تو برتر ہے، تو احسان کرنے والا ہے، تو توبہ قبول کرنے والا ہے، تو انعام دینے والا ہے، تو بدلہ لینے والا ہے، تو معاف کرنے والا ہے، تو بہت مہربان ہے، تو مالک الملک ہے، تو بڑی بزرگی اور بخشش و کرم والا ہے، تو عدل کرنے والا ہے، تو جمع کرنے والا ہے، تو بے پرواہ ہے، تو دولت مند کرنے والا ہے، تو منع کرنے والا ہے، تو ضرر دینے والا ہے، تو نفع دینے والا ہے، تو نور ہی نور ہے، تو راہ دکھانے والا ہے، تو ہمیشہ رہنے والا ہے، تو نیا پیدا کرنے والا ہے، تو مالک ہے، تو رہنما ہے۔

اے میرے پروردگار! اے الٰہ العالمین! اے خداوند قدوس! اے رب العالمین! اے میرے اللہ! اے رحیم و کریم آقا و مولا! میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو یکتا و یگانہ ہے، تیرا کوئی شریک نہیں اور میں

گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ اے بار الٰہا! تیرے سوا کوئی معبود نہیں اس لئے تجھ سے بخشش چاہتا ہوں اور تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں۔

گناہوں سے معافی کیلئے

اے میرے آقا! جملہ گناہوں کو معاف فرما۔

اے غفور الرحیم! جملہ برائیوں سے میری حفاظت فرما۔

اے ربِ قدیر! جملہ گناہوں کو معاف فرما۔ اگلے گناہوں کو بھی معاف فرما، پچھلے گناہوں کو بھی معاف فرما۔ جملہ خطاؤں کو بھی معاف فرما۔ گذشتہ خطاؤں کو بھی معاف فرما۔ اے اللہ ہمیں توبہ کی توفیق عطا فرما۔ اے اللہ معصیت کا احساس ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ سیئات پر توبہ کی توفیق مرحمت فرما۔ اے اللہ اپنے کیے پر ندامت نصیب فرما۔ اے اللہ مغفرت تامہ ہم کو نصیب فرما۔

توبہ کی توفیق کیلئے

اے میرے مولا! گناہوں پر توبہ کی توفیق مرحمت فرما۔

اے رَبِّ قدیر سیئات پر توبہ کی توفیق مرحمت فرما۔

اے رَبِّ قدیر! معاصی پر توبہ کی توفیق مرحمت فرما۔ اے اللہ معصیت

کا احساس ہم کو نصیب فرما۔ اے ربِّ قدیر وہ توبہ نصیب فرما جو تام ہو۔ اے اللہ ہماری توبہ قبول فرما۔ اے اللہ توبۃ النصوح ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ قبولیت پورے طور پر عطا فرما۔ اے اللہ وہ توبہ نصیب فرما جس سے رضا حاصل ہو۔ اے اللہ وہ توبہ نصیب فرما جس سے صلاح نصیب ہو۔ اے اللہ وہ توبہ نصیب فرما جس سے فلاح نصیب ہو۔ اے اللہ توبہ کی جملہ اقسام ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ مُستغفرین میں ہم کو داخل فرما۔ اے اللہ توابین میں ہم کو داخل فرما۔

کُفر سے حفاظت کیلئے

اے میرے اللہ! ہر قسم کے کفر سے حفاظت فرما۔

اے ارحم الراحمین! ہمیں ہدایت نصیب فرما۔

اے اللہ! ہدایت پر ہم کو قائم فرما۔ اے اللہ ہدایت میں زیادتی نصیب فرما۔ اے اللہ ہدایت کے بعد گمراہی سے حفاظت فرما۔ اے اللہ ایمان کے بعد کفر سے حفاظت فرما۔ اے اللہ ہر قسم کے کفر سے حفاظت فرما۔ اے اللہ کفر و شرک کے اثرات سے حفاظت فرما۔ اے اللہ شرک جلی اور شرک خفی سے حفاظت فرما۔ اے اللہ جملہ ہدایت پر ہم کو قائم فرما۔

ذکر کی توفیق کیلئے

اے ربِ کریم! اپنے ذکر کی توفیق مرحمت فرما۔

اے غفور الرحیم! اپنی عبادت کی توفیق عطا فرما۔

اے اللہ! عبادت کی حقیقت ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ عبادت میں اخلاص نصیب فرما۔ اے اللہ وہ عبادت نصیب فرما جس میں احسان کی صفت ہو۔ اے اللہ وہ عبادت نصیب فرما جو صرف آپ کے لئے ہو اے اللہ وہ عبادت نصیب فرما جیسا کہ حق ہے۔ اے اللہ وہ عبادت نصیب فرما جیسا کہ چاہیے۔ اے اللہ عبادت حسن و خوبی کے ساتھ نصیب فرما۔ اے اللہ! اپنے ذکر کی توفیق مرحمت فرما۔ اے اللہ! ذکر کی حقیقت ہم کو نصیب فرما۔

ایمان میں زیادتی کیلئے

اے ربِّ رحیم! ایمان میں زیادتی نصیب فرما۔

اے مالک بے نیاز! ہمیں ایمان نصیب فرما۔

اے رب العالمین! ہمارے ایمان کی حفاظت فرما۔ اے اللہ! ہمارے ایمان کو خالص فرما۔ اے اللہ! ایمان پر استقامت نصیب فرما۔ اے اللہ! ایمان کی حلاوت ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ! ایمان میں زیادتی نصیب فرما۔ اے اللہ! پورے طور پر ایمان میں داخل فرما۔ اے اللہ! ایمان کی جملہ درجات ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ! ایمان میں کمی آنے سے حفاظت فرما۔ اے اللہ! ایمان کے ضائع ہونے سے حفاظت فرما۔ اے اللہ! ایمان کے سلب ہونے سے حفاظت فرما۔ اے اللہ! اپنے ایمان والے بندوں میں ہم کو شامل فرما۔ اے اللہ! ایمان میں اضافہ فرما۔ اے اللہ! ہمارے ایمان

کو مستحکم فرما۔ اے اللہ! پورے طور پر ایمان میں داخل فرما۔

نماز کی قبولیت کیلئے

اے غفور الرحیم! ہماری نمازوں کو قبول فرما۔

اے رب العالمین! نماز پر ہم کو قائم فرما۔

اے غفور الرحیم! نماز کی حقیقت ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ! وہ نماز نصیب فرما جو دین کا ستون ہے۔ اے اللہ! وہ نماز نصیب فرما جو مومن کی معراج ہے۔ اے ربِ قدیر! وہ نماز نصیب فرما جس کے بعد دعا قبول ہوتی ہے۔ اے اللہ! وہ نماز نصیب فرما جس میں احسان کی صفت ہے۔ اے اللہ وہ نماز نصیب فرما جیسا کہ حق ہے۔ اے اللہ! وہ نماز نصیب فرما جس میں حلاوت میسر ہو۔ اے اللہ وہ نماز نصیب فرما جو آنکھوں کی ٹھنڈک ہو۔ اے اللہ! وہ نماز نصیب فرما جو منکرات کو روکتی ہے۔ اے اللہ وہ نماز نصیب فرما جو بے حیائی سے باز رکھتی ہے۔ اے اللہ! ہماری نمازوں کو قبول فرما۔ اے اللہ! ہمیں نماز کا پابند بنا دے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کیلئے

اے رب العالمین! حضرت محمد ﷺ سے محبت نصیب فرما۔

اے اللہ اپنے حبیب ﷺ سے سچی و پکی محبت نصیب فرما۔

اے اللہ! آپ ﷺ سے تعلق ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ! آپ ﷺ کی خوشنودی ہم کو نصیب فرما۔ آپ ﷺ سے سچی محبت ہم کو نصیب فرما۔ آپ ﷺ کے حقوق کی ادائیگی ہم کو نصیب فرما۔ آپ ﷺ کا اسوۂ حسنہ ہم کو نصیب فرما۔ آپ ﷺ کی پیروی ہم کو نصیب فرما۔ آپ ﷺ کا خلق عظیم ہم کو مرحمت فرما۔ آپ ﷺ کی خوشنودی ہم کو نصیب وعطا فرما۔ آپ ﷺ کی اطاعت پورے طور پر نصیب فرما۔ آپ ﷺ کی مرضی کے مطابق زندگی نصیب فرما۔ اے اللہ! ہماری طرف سے آپ ﷺ کو جزائے خیر عطا فرما۔

قیام دین کی توفیق کیلئے

اے الٰہ العالمین! دین کو قائم کرنے کی توفیق عطا فرما۔

اے اللہ! دینِ خالص ہم کو نصیب فرما۔ اے خداوند قدوس ضرورت کے مطابق دین کا علم نصیب فرما۔ اے اللہ اخلاص فی الدین ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ اخلاص دین کے ساتھ زندگی نصیب فرما۔ اے غفور الرحیم! دین کی صحیح سمجھ ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ دین پر استقامت نصیب فرما۔ اے پروردگار! دین کو قائم کرنے کی توفیق مرحمت فرما۔ اے اللہ! دین کو قائم کرنے کی ہمت و محنت ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ! اپنے دین کی خدمت کے لئے ہم کو قبول فرما۔

علمِ دین کے حصول کیلئے

اے اللہ! علم دین ہم کو نصیب فرما۔
اے پروردگار! علیم صحیح ہم کو نصیب فرما۔
اے اللہ! علم نافع ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ وہ علم نصیب فرما جو کامل ہو۔
اے اللہ ہمارے علوم میں اضافہ فرما۔ اے اللہ! ضرورت کے مطابق ہمیں علم نصیب فرما۔ اے اللہ! حصول علم کی توفیق مرحمت فرما۔ اے اللہ! وہ علم نصیب فرما جس سے تیری معرفت حاصل ہو۔ اے اللہ! وہ علم نصیب فرما جس سے خشیت حاصل ہو۔ اے اللہ! وہ علم عطا فرما جس سے فائدہ حاصل ہو۔ اے اللہ علم دین ہمکو نصیب فرما۔ اے غفور الرحیم! ایسے علم سے حفاظت فرما جس کے نیتجے میں گمراہی پیدا ہو۔

حقوق کی ادائیگی کیلئے

اے بارالہٰ! اپنے حقوق کی پہچان نصیب فرما۔
اے اللہ! جملہ حقوق کی ادائیگی کی توفیق عطا فرما۔
اے مالک بے نیاز! ہمیں اپنے حقوق کی پہچان نصیب فرما۔ اے اللہ! اپنی حدود کی پہچان ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ! اپنی حدود میں تجاوز کو معاف فرما۔ اے اللہ! اپنی امانت میں خیانت سے حفاظت فرما۔ اے اللہ! امانت میں خیانت کو معاف فرما۔

مُحاسنِ اسلام کیلئے

اے خداوند قدوس! محاسن اسلام نصیب فرما۔

اے مالکِ بے نیاز! اپنے احکام کی پیروی نصیب فرما۔

اے رَبِّ قدیر! اپنی اطاعت پورے طور پر نصیب فرما۔ اے اللہ۔ پورے طور پر اسلام میں داخل فرما۔ اے اللہ! محاسنِ اسلام نصیب فرما۔ اے اللہ! شعائر اسلام کی وقعت نصیب فرما۔ اے اللہ! ضرورت کے مطابق شریعت کا علم نصیب فرما۔ اے اللہ! احکام کی وقعت ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ! شریعت کی عظمت نصیب فرما۔ اے اللہ! محاسن اسلام و اتباع شریعت ہم کو نصیب فرما۔

مکارمِ اِخلاق کیلئے

اے پروردگار! اخلاق کریمانہ عطا فرما۔

اے اللہ! ہمارے نفوس کو صالح فرما۔

اے ذوالجلال والاکرام! اسوۂ حسنہ نصیب فرما۔ یاالٰہی! اخلاق حسنہ نصیب فرما۔ اے رَبِّ قدیر! خلق قرآن نصیب فرما۔ اے پروردگار! صفاتِ حسنہ نصیب فرما۔ اے اللہ! صفات حسنہ سے آراستہ و مزین فرما۔ اے اللہ! اوصاف حمیدہ سے آراستہ فرما۔ اے اللہ! مکارمِ اخلاق نصیب فرما۔ اے

پاک پروردگار! خلاق کریمانہ عطا فرما اے غفور الرحیم! ہمارے پراگندہ اور بگڑے مزاج کو صحیح فرما۔ الہٰی! ہماری بگڑی اور بُری عادتوں کو درست فرما۔ الہٰی! اپنی اچھی صفات اور خوبیوں سے آراستہ فرما۔

بُرائیوں سے حفاظت کیلئے

اے مرے آقا! برائی سے ہماری حفاظت فرما۔

اے غفور الرحیم! ترک لایعنی نصیب فرما۔

اے اللہ! ہر قسم کے خرافات سے میری حفاظت فرما۔ اے اللہ! تمام ان باتوں سے حفاظت فرما جو ہمارے لئے بے کار ہیں۔ الہٰی! تمام ان کاموں سے حفاظت فرما جو ہمارے لئے فضول ہیں۔ اے اللہ! اچھائی میں مشغول فرما۔ اے اللہ! برائی سے ہماری حفاظت فرما۔ اے اللہ! بُری باتوں اور بُری خصلتوں سے ہمیں محفوظ فرما۔

خطرات سے حفاظت کیلئے

اے میرے مولا! تمام خطرات کو درست فرما۔

اے رب العالمین! اخلاص نیت نصیب فرما۔

اے مالک بے نیاز! وہ نیت نصیب فرما جو عمل سے بہتر ہو۔ الہٰی! حُسنِ فکر نصیب فرما۔ الہٰی! فکرِ صحیح ہم کو نصیب فرما۔ الہٰی ہمارے تمام افکار و تردد کو دُور

فرما۔ الٰہی! تمام خطرات سے نجات عطا فرما۔ الٰہی! اندرون کے فساد کو ختم فرما۔ الٰہی! اندرون قلب کو سنوار دے۔ الٰہی اندرون کی مایہ کو بنا دے۔ الٰہی ہمارے اندرون کو صالح فرما۔

وہ حسنات جو صالح ہیں اُن کیلئے

الٰہی! وہ حسنات نصیب فرما جو صالح ہوں۔

یا الٰہی! وہ حسنات نصیب فرما جو صرف آپ کے لئے ہوں۔

اے اللہ! وہ حسنات نصیب فرما جو باقی رہنے والی ہیں۔

اے اللہ! وہ حسنات نصیب فرما جن سے آپ کی رضا حاصل ہو۔

اے اللہ! وہ حسنات نصیب فرما جو میزان میں وزنی ہوں۔

اے اللہ! وہ حسنات نصیب فرما جو نجات کا ذریعہ ہوں۔

اے اللہ! وہ حسنات نصیب فرما جو ترقیات کا ذریعہ ہوں۔

اے اللہ! وہ حسنات نصیب فرما جو سیئات کو ختم کر سکیں۔

اے اللہ! وہ حسنات نصیب فرما جو نقصانات کی تلافی کر سکیں۔

اجر و ثواب میں اضافہ کیلئے

اے غفور الرحیم! اجر و ثواب میں اضافہ فرما۔

اے اللہ! نام و نمود سے حفاظت فرما۔

اے اللہ! اخلاص کی حقیقت ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ! اخلاص ور

تواضع نصیب فرما۔ الٰہی ہمیں احسان نصیب فرما۔ اے میرے آقا و مولا! ہمارے اجر و ثواب میں اضافہ فرما۔ اے اللہ! وہ اجر و ثواب مرحمت فرما جو آپ کے شایانِ شان ہو۔

اَللہ کے دوستوں سے تعلق

اور اس کے غیروں سے حفاظت کیلئے

اے میرے آقا و مولا! غیروں کے تعلق سے حفاظت فرما۔ اے اللہ! ہمیں نیک بندوں میں شامل فرما۔ اے غفور الرحیم! اپنے دوستوں سے مشابہت نصیب فرما۔ اے میرے پروردگار! اپنوں سے قُرب، عقیدت، محبت اور اُنسیت نصیب فرما۔ اے ربِّ کریم! غیروں کے تعلق سے حفاظت فرما۔ اے میرے مولا و آقا! غیروں کی مشابہت سے حفاظت فرما۔ اے میرے اللہ! اپنے دوستوں کی پیروی نصیب فرما۔

نزولِ رحمت کیلئے

اے غفور الرحیم! ہمارے گھر میں رحمت ہی رحمت داخل فرما۔ اے رب العالمین! ہمارے گھر والوں کو صالح بنا دے۔ الٰہی! ہمارے اہل و عیال کو صالح بنا دے۔ الٰہی! ہمارے دوست و احباب کو صالح بنا دے۔ اے بارالٰہا! ہمارے گھر میں خیر و عافیت عطا فرما۔ اے میرے اللہ! ہمارے

گھر میں سکون عطا فرما۔ یا الٰہی ہمارے گھرانے کو خوش حال فرما دے۔ اے ربِ دو جہاں! ہمارے گھر میں صلاح و فلاح عطا فرما۔ اے اللہ! ہمارے مال میں برکت ہی برکت عطا فرما۔ اے ربِ کعبہ! اپنی تعلیم و تربیت ہمارے گھرانے کو نصیب فرما۔ اے میرے رحیم و کریم آقا! اپنی حفاظت و نگرانی ہمارے گھر کو نصیب فرما۔ اے میرے اللہ! ہمیں صالح بنا دے۔ الٰہی! ہمارے خاندان کو صالح بنا دے۔ الٰہی ہمارے معاشرہ کو صالح بنا دے۔ الٰہی ہمارے پاس پڑوس کو صالح بنا دے۔

حیاتِ طیّبہ کیلئے

اے ذوالجلال والاکرام! حیات طیبہ ہم کو نصیب فرما۔

اے اللہ! ہماری زندگی کو کامیاب فرما۔

اے الہ العالمین! ہمارے معاشرہ کو درست فرما۔ اے اللہ! ہماری عمر میں برکت ہی برکت عطا فرما۔ الٰہی! باہم حسن سلوک نصیب فرما۔ الٰہی! باہم حسن تعلق نصیب فرما۔ الٰہی ہمارے ماحول کو درست فرما۔ الٰہی! گھریلو حالات کو درست فرما۔ الٰہی! ہماری اولاد کو صالح فرما۔ الٰہی! ہماری ازدواجی زندگی کو کامیاب فرما۔ الٰہی حیات طیبہ ہم کو نصیب فرما۔

دینی ماحول قائم ہونے کیلئے

الٰہی دینی ماحول نصیب فرما۔

اے الٰہ العالمین! ہمارے خاندان کو آباد فرما۔

اے اللہ! باہم رشتوں کو قائم فرما۔ الٰہی! آپس کے تعلقات کو، آپس کے معاملات کو، اور حالات کو درست فرما۔ اے اللہ! ہمارے گھروں میں دینداری پیدا فرما۔ اے اللہ! دینی فضاؤں کو ہمارے گھروں میں قائم فرما۔ اے اللہ! دینی ماحول نصیب فرما۔ اے اللہ! وہ ماحول نصیب فرما جس میں دین پر چلنا آسان ہو۔ اے اللہ! باہم حقوق کی پہچان اور اُدائیگی نصیب فرما۔ الٰہی! اپنے آباؤ اجداد کی رَوِش پر چلنے کی توفیق عطا فرما۔ اے غفور الرحیم! ہمارے گھر کے وقار کو ہمارے ذریعہ اور گھر کے تمام افراد کے ذریعہ قائم ودائم رکھ۔ الٰہی! آپسی اتحاد کو قائم ودائم رکھنا۔

وقت کی قدر وقیمت کیلئے

یا الٰہی! وقت کے غلط استعمال سے حفاظت فرما۔

اے اللہ! ہمارے اوقات کو خوش فرمادے۔

اے غفور الرحیم! جملہ اوقات کو مسعود ومبارک فرما۔ اے اللہ! وقت کے ضائع کرنے سے حفاظت فرما۔ یا الٰہی وقت کی قدر ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ!

وقت کے غلط استعمال سے حفاظت فرما۔ اے رحیم وکریم آقا! وقت کے صحیح استعمال کی توفیق ہم کو عطا فرما۔ اے اللہ! توفیق عطا فرما کہ وقت کو غنیمت جانیں۔

اوقات کی درستگی کیلئے

اے میرے اللہ! ہمارے اوقات کو درست فرما۔

یاالٰہ العالمین! ہمارے جملہ امور ہموار فرما۔

اے ربِّ کریم! اوقات کو درست فرما۔ اے ربّ العالمین! ہمارا ہر کام درست فرما۔ اے میرے آقا و مولا! ہماری بگڑی بنادے۔ اے اللہ ہمارے لئے خیر کے راستے ہموار فرما۔ اے اللہ ہمارے لئے خیر کی شکلیں پیدا فرما۔ اے غفور الرحیم! ہمارے ہر کام میں انجام کو صحیح فرما۔ الٰہی! ہر طرح کی تشویش سے حفاظت فرما۔ الٰہی! سکون واطمینان ہم کو نصیب فرما۔ اے اللہ! ہر قسم کی فکر کو دور فرما۔ اے رب العالمین! ہمارے جملہ ادھورے کاموں کو پایہ تکمیل تک پہنچادیں۔ اے رؤف الرحیم! اپنے رحم وفضل سے ہمارے جملہ امور کو ہموار فرمادیں۔

محنت میں کامیابی کیلئے

اے اللہ! کسی بھی محنت کو ضائع نہ فرما۔

اے اللہ! ہمارے حق میں بہتر فیصلے فرمادیں۔

اے مالک بے نیاز! ہمارے مفادات کا تحفظ فرما۔ الٰہی! ہر قسم کی رسوائی

سے حفاظت فرما۔ اے اللہ! ہمارے جملہ مقاصد کو خیر فرما۔ اے اللہ! مقاصد خیر کو پورا فرما۔ اے اللہ! محنت کے ضائع ہونے سے حفاظت فرما۔ الٰہی! کسی بھی محنت کو ضائع نہ فرما۔

حصولِ مقصد کیلئے

اے بار الٰہی! جملہ حاجات کو پورا فرما۔

اے ربِّ کریم! ہماری جملہ پریشانیوں کو دور فرما۔

اے ربِّ کریم! ہماری جملہ دشواریوں کو اپنے فضل سے ختم فرما جملہ مشکلات کو سہل فرما۔ اے خداوند قدوس! جملہ رکاوٹوں کو دور فرما۔ اے غفور الرحیم جملہ حاجات کو پورا فرما۔ اے اللہ! جملہ ضروریات کو پورا فرما۔ اے اللہ! تمام امور میں عافیت کا فیصلہ فرما۔ اے رَبِّ کریم! جملہ بلیات، جملہ آفات، جملہ امراض سے ہمارے گھر کو محفوظ فرما۔ اے رحیم! جملہ امور میں یُسر کا معاملہ فرما۔ اے کریم! ہمارے جملہ خاندان کے تمام اُموریں عافیت کا فیصلہ مرحمت فرما۔ اے میرے مولا وآقا! جملہ حاجات کو پورا فرما۔

آفات وبلیّات سے حفاظت کیلئے

اے غفور الرحیم! ہر قسم کے آفات سے محفوظ فرما۔

اے ربِّ رحیم! نقضِ امن میں ہماری حفاظت فرمادیں۔

اے رَبِّ رحیم! ہر طرح کے فساد سے حفاظت فرما۔ اے رب ذوالجلال!

ہر قسم کے خطرات سے، ہمارے اہل خاندان کو محفوظ فرما۔ اے اللہ! ہر قسم کے آفات سے محفوظ فرما۔ اے کریم! ہمیں اور ہمارے گھر کے جملہ افراد کی آفات ارضی وسماوی سے حفاظت فرما۔ اے اللہ! زمانہ کی گردش میں ہماری اور ہمارے اہل خاندان کی حفاظت فرما۔ اے اللہ! گناہوں کی بدولت سزاؤں سے محفوظ فرما۔ اے اللہ! شامتِ اعمال سے محفوظ فرما۔ اے غفور الرحیم! ہر حال میں اپنی طرف رجوع نصیب فرما۔

رجوع الی اللہ کیلئے

اے رؤف الرحیم! ہر حال میں اپنی جانب رجوع فرما۔

اے کریم! ہر قسم کی آزمائش میں ہمیں پورا اُتار۔

اے خداوند قدوس! خیر سے آزمائیں یا شر سے، نیکی سے آزمائیں یا بدی سے، بھلائی سے آزمائیں یا برائی سے حسنات سے آزمائیں یا سئیات سے، فراخی سے آزمائیں یا تنگی سے، صحت سے آزمائیں یا بیماری سے، سکھ سے آزمائیں یا دُکھ سے، دے کر آزمائیں یا لے کے، روک کے آزمائیں یا چھوڑ کے، امن میں آزمائیں یا خوف میں۔

اے غفور الرحیم! ہر حال میں ہمیں اپنی جانب رجوع فرما۔

کشایش رزق کیلئے

اے ربِ عرش عظیم! روزی بے حساب پیدا فرما۔

اے رب العالمین! ہماری روزی میں برکت مقدر فرما۔

اے خداوند قدوس! ہمیں طیب اور حلال روزی مقدر فرما۔

اے اللہ! ہمارے لئے روزی کے بہتر سے بہتر ذرائع آسان فرما۔

اے اللہ! ہمارے لئے جائز اور حلال اسباب پیدا فرما۔

اے مالک بے نیاز! ہمارے لئے آمدنی کے دروازے کھول دے۔

اے اللہ! ہمارے لئے روزی بے حساب پیدا فرما۔ اے مالک بے نیاز! روزی کے ذرائع آسان اور سہل فرما۔ اے کریم! ہمارے تجارت میں فروغ نصیب فرما۔ اے رحیم! ہماری آمدنی میں برکت نصیب فرما۔ اے رحیم اپنے رحم سے، اے کریم اپنے کرم سے روزی میں خیر و برکت عطا فرما۔

ادائیگی قرض کیلئے

اے میرے آقا و مولا! تمام قرضوں کو ادا فرما۔

اے غفور الرحیم! جملہ قرضوں کو ادا فرما۔ اے کریم! قرض لینے سے ہماری حفاظت فرما۔ اے رحیم! وہ توشہ مرحمت فرما جو کام آوے۔ اے قدیر! وہ دولت نصیب فرما جو خیر کا باعث ہو۔ الہٰی! وہ پیسہ مرحمت فرما جو ضائع نہ ہو۔

الٰہی! وہ تجارت نصیب فرما جس میں خسارہ نہ ہو۔ الٰہی! وہ تجارت نصیب فرما جس میں نقصان نہ ہو۔ الٰہی! وہ کمائی نصیب فرما جو سودمند ہو۔ الٰہی وہ مایہ نصیب فرما جو کام آوے۔ الٰہی! وہ آمدنی نصیب فرما جس میں برکت ہی برکت ہو۔ الٰہی! وہ سرمایہ نصیب فرما جو خیر کے کام آئے۔ اے ربِّ قدیر! اپنے فضل عمیم سے ہمارے اور جملہ اہل خاندان کے تمام قرضوں کو ادا فرما۔

تکمیل اخراجات کیلئے

اے میرے پروردگار! ہمارے اخراجات کو پورا فرما۔

اے ربِّ قدیر! اپنے فضل سے ہماری جملہ ضروریات کو پورا فرما دیں۔

اے رب العالمین! اے مالک بے نیاز! ہم کو ضرورت کی چیزیں مہیا فرما۔ الٰہی! ہمارے اخراجات کو پورا فرما۔ الٰہی! غلط اخراجات سے حفاظت فرما۔ الٰہی! فضول خرچی سے حفاظت فرما۔

رُوحانی وجسمانی امراض سے حفاظت کیلئے

اے ربِّ دوجہاں! روحانی وجسمانی طاقت نصیب فرما۔

اے غفور الرحیم! ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں شفا کا۔

اے کریم! ہمیں شفاء کلی عطا فرما۔ اے اللہ! جملہ امراض سے شفا نصیب فرما۔ اے اللہ! جملہ مہلک امراض سے محفوظ فرما۔ اے رحیم! ظاہری

اور باطنی امراض سے محفوظ فرما۔ اے رب العالمین! جسمانی و روحانی طاقت نصیب فرما۔ اے رَبُّ العالمین! امراضِ قلب کو دُور فرما۔ اے رَبِّ قدیر اندرون جسم کو درست فرما۔ اے الٰہ العالمین! اندرون جسم کے نظام کو درست فرما۔ اے الٰہ العالمین! صحت و تندرستی عطا فرما۔

خاتمہ بخیر اور عذابِ قبر سے حفاظت کیلئے

اے رَبِّ دو عالم! ایمان پر خاتمہ مقدر فرما۔

اے رَبّ العالمین! سکراتِ موت سے حفاظت فرما۔

اے رَبّ العالمین! موت کی سختیوں سے حفاظت فرما۔ اے ربِّ کریم! ایمان پر خاتمہ مقدر فرما۔ اے خداوند قدوس! غمراتِ موت سے حفاظت فرما۔ الٰہی! ہماری قبر کو کشادہ فرما۔ الٰہی! عذابِ قبر سے پناہ نصیب فرما۔ الٰہی! اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام مرحمت فرما۔ الٰہی! میدانِ حشر کی رسوائی سے حفاظت فرما۔ الٰہی! دوزخ کو ہمارے اوپر حرام فرما۔ اے اللہ! ہمارے لئے جنت کا فیصلہ فرما۔ اے اللہ! خاتمہ بالخیر نصیب فرما۔ اے اللہ! آخرت میں ہمارے لئے ذخیرۂ عظیم عطا فرما۔ اے غفور الرحیم! جملہ مومنین کی ایمان پر خاتمہ مقدر فرما۔ اے رَبِّ کریم! بے بسی کی موت سے حفاظت فرما۔ اے رَبِّ رحیم! ہمیں آخرت کے لئے توشہ مرحمت فرما۔ اے رب العالمین! موت بعد الموت کی فکر ہم کو نصیب فرما۔ اے الٰہ العالمین! موت بعد الموت میں عافیت مقدر فرما۔ اے مالک بے نیاز! مرضِ وفات میں ہماری اور جملہ اہلِ خاندان و جملہ

